Tender No.IAP/Acad-01(03)/ 2022

Annexure-A

اقبال اکادمی پاکستان

حکومت پاکستان، قومی ورثہ و ثقافت ڈویژن

ایوان اقبال کمپلیکس، چھٹی منزل، ایجرٹن روڈ، لاہور

فون نمبر: 042-36314510 ,042-99203573، برقی ڈاک : info@iap.gov.pk

پیشکش مطلوب

۱. اقبال اکادمی پاکستان کو پیشکش دستاویزات کے ساتھ منسلکہ فہرست کے مطابق کتب و بروشر کی طباعت کے لیے انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس ڈیپارٹمنٹ میں رجسٹرڈ مالی طور پر مستحکم پرنٹرز، پبلشرز اور کنٹریکٹرز سے سربمہر پیشکش مطلوب ہیں۔ مکمل تفصیل پیشکش دستاویزات میں دی گئی ہے۔

۲. پیشکش دستاویزات جن میں شرائط کی تفصیل، پروکیورمنٹ کا طریقہ کار، پیشکش کا طریقہ کار، زر ضمانت، پیشکش کی موثریت، پیشکش کھولنے کی تاریخ، معیار، قبول اور رد کا طریقہ کار، کام کی تکمیل کی یقین دہانی، مطبوعہ کتاب کا نمونہ وغیرہ کی تفصیلات موجود ہیں جو اقبال اکادمی پاکستان کے دفتر واقع ایوان اقبال کمپلیکس، چھٹی منزل، ایجرٹن روڈ، لاہور سے مفت حاصل کی جاسکتی ہیں۔ پیشکش دی گئی تفصیلات کے مطابق تیار کر کے اقبال اکادمی پاکستان کے دفتر واقع ایوان اقبال کمپلیکس، چھٹی منزل، ایجرٹن روڈ، لاہور میں مورخہ ۲۲ر فروری ۲۰۲۲ء بروز منگل کو ساڑھے گیارہ بجے دن تک پہنچائیں۔ اسی روز بارہ بجے دن کو پیشکش کھولی جائیں گی۔ یہ اشتہار پیپرا کی ویب سائٹ اور اقبال اکادمی پاکستان کی ویب سائٹ www.allamaiqbal.com پر بھی موجود ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر بصیرہ عنبرین

ناظم

اقبال اکادمی پاکستان

چھٹی منزل، ایوان اقبال کمپلیکس

ایجرٹن روڈ، لاہور